# INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL, TABUK

**TERM- 1 (SESSION: 2025-26)**

**PRACTICE SHEETS -2**

**CLASS: VIII SUBJECT: URDU TOPIC: LESSON , 4, 5 ,6**

| Question | Q_No |
|---|---|
| درج ذیل عبارت پڑھ کر اس سے متعلق سوالات کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔<br>ہندوستانی ہاکی کی تاریخ میجر دھیان چند کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتی ۔ وہ الہ آباد کے ایک راجپوت خاندان میں<br>29 / اگست 1905 کو پیدا ہوئے ۔ سولہ سال کی عمر میں فوج میں معمولی سپاہی کی حیثیت سے بھرتی ہوئے اور میجر کے عہدے تک ترقی کی ۔ وہ فوج کے ایک افسر کی نگرانی میں ہاکی کھیلنے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے دنیا کے ایک عظیم کھلاڑی بن گئے۔<br>الف : دی گئی عبارت کس سبق سے ماخوذ ہے؟<br>ب : دھیان چند کہاں پیدا ہوئے ؟<br>ج: دھیان چند کس کی نگرانی میں ہاکی کھیلنے لگے ؟<br>د : ہاکی کے عظیم کھلاڑی کون ہیں ؟<br>ہ : دھیان چند کس عمر میں فوج میں بھرتی ہوئے ؟ | 1 |
| درج ذیل اشعار پڑھ کر ان سے متعلق سوالات کے جوابات دیجیے۔<br>لو پھر بسنت آئی     لو پھر بسنت آئی<br>پھولوں پہ رنگ لائی<br>چلو بے درنگ     لب آب گنگ<br>بجے جل ترنگ     من پر امنگ چھائی<br>پھولوں پہ رنگ لائی<br>1۔ کس موسم کا ذکر ہے ؟<br>2۔ بسنت کا موسم کب آتا ہے ؟<br>3۔ بے درنگ ، کا کیا مطلب ہے ؟<br>4۔ بسنت آنے پر لوگ گنگا کے کنارے کیوں جاتے ہیں ؟<br>5۔ من پر امنگ کیوں چھائی ؟ | II |

| | |
|---|---|
| | |
| درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔<br>1۔ " ہم آواز الفاظ" ۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں<br>الف ) ہم صوت ب ) ہم وزن ج ) ہم کلام<br>2۔ جملوں کو با معنی بنانے کے لیے حرف ۔۔۔۔۔۔۔ کا استعمال کیا جاتا ہے۔<br>الف ) ظرافت ب ) اضافت ج ) علت<br>3۔ جس اسم پر فعل کا اثر ہوتا ہے اسے ۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔<br>الف ) فاعل ب ) مفعول ج ) لازم<br>4۔ جملہ میں وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔<br>الف ) فاعل ب ) مفعول ج ) فعل<br>5۔ قدیم ، کا مطلب لکھیے۔<br>الف ) جدید ب ) پرانا ج ) ان جان<br>6۔ لفظ ،" خدمت " کی جمع ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔<br>الف ) خادم ب ) خدام ج ) خدمات<br>7۔ نام روشن ہونا کا مطلب کیا ہے ؟<br>الف ) عزت حاصل کرنا ب ) شہرت پانا ج ) دونوں جواب درست ہیں<br>8۔ جملے میں فعل انجام دینے والا ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔<br>الف ) فاعل ب ) مفعول ج ) لازم<br>9۔ اسم معرفہ پہچانیے۔<br>الف ) دہلی ب ) ملک ج ) شہر<br>10۔ کسی ایک چیز کو دوسری چیز کا ہم شکل بتانا ۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔<br>الف ) تشبیہ ب ) تضاد ج ) مترادف<br>11۔ اسم کی بجائے استعمال ہونے والا لفظ ۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔<br>الف ) ضمیر ب ) مفعول ج ) لازم | III |

| | |
|---|---|
| 12۔ بات میں زور یا شدت پیدا کرنے کے لیے ایک ہی لفظ کو دو دو بار لکھنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے ۔<br>الف ) تکرار لفظی ب ) تقرار لفظی ج ) مقرر لفظی<br>13 ۔ ہم وزن الفاظ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں ۔<br>الف ) قافیہ ب ) ردیف ج ) شاعری<br>14۔ کلام میں متضاد الفاظ کا استعمال میں لانے والی صنعت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے ۔<br>الف ) صنعت تضاد ب ) صنعت مبالغہ ج ) صنعت تشبیہ<br>15۔ کسی بات کو اس قدر بڑھا چڑھا کر کہنا کہ وہ بات جھوٹی معلوم ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے ۔<br>الف ) مبالغہ آرائی ب ) موازنہ کرنا ج ) فضول گوئی | |
| درج ذیل الفاظ سے جملے بنائیے ۔ | IV |
| درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے ۔<br>1۔ سرسوں کون سی بات بھولی ہے ؟<br>2۔ فرانس میں کھیلے جانے والے کھیل کو کیا کہتے تھے ؟<br>3۔ جرمنی کے تماشائیوں نے دھیان چند کو کیا نام دیا؟<br>4۔ ہاکی کے ضابطے کس ملک میں بنائے گئے ؟<br>5۔ دھیان چند نوجوان کھلاڑیوں کو کیا نصیحت کرتے تھے ؟<br>6۔ دھیان چند کو ہاکی کا جادوگر کیوں کہا جاتا تھا؟<br>7۔ گل عباس کا گھر کیسا تھا؟<br>8۔ گل عباس کو لڑکی کے پاس پہنچ کر کیسا محسوس ہوا؟<br>9۔ سبق " گل عباس " سے آپ نے کیا سیکھا؟ | V |

Table for section IV:

| | |
|---|---|
| امنگ | |
| بامراد | |
| شاد | |

*.... *... *... *...